کتاب میں جابجا کمپوزنگ کی اغلاط ہیں جو مطالعہ کرنے والے کے لئے تکدر خاطر کا باعث بنتی ہیں۔کتاب مضبوط جلد میں محفوظ کی گئی ہے اور ٹائٹل جاذب نظر ہے۔

(۲)

نام کتاب : حضرت ابوبکر صدیق ؓ (اوران کی خلافت کا پس منظر)
مصنف : قاضی محمد حمید فضلی
ضخامت:144 صفحات ...... قیمت :100 روپے
ملنے کا پتہ: ☆ادارہ فیوضات مجددیہ' خانقاہ فضلیہ شیر گڑھ' ضلع مانسہرہ

خلیفہ راشد حضرت ابوبکر صدیق ؓ کے حالات زندگی پر یہ ایک تحقیقی تحریر ہے جس میں آپ ؓ کے سوانح اور فضائل کے ساتھ ساتھ اختلافی امور پر بھی اظہار خیال کیا گیا ہے اور ثابت کیا گیا ہے کہ آپ ؓ کی خلافت سچی خلافت تھی جبکہ آپ ؓ کو غاصب سمجھنے والے صریحاً باطل پر ہیں۔

اس کتاب میں فاضل مصنف نے آپ ؓ کی خلافت کا پس منظر بیان کرتے ہوئے اس تمام صورتحال کا بے لاگ تجزیہ کیا ہے جو اس وقت پیش آئی۔جن اصحاب نے فوری طور پر آپ ؓ کی بیعت کے لئے ہاتھ نہ بڑھایا انہوں نے بھی جلد ہی آپ ؓ کی خلافت کو تسلیم کر کے دست تعاون دراز کیا۔

رسول اللہ ﷺ کی وفات کے موقع پر اور آپ ؓ کے عہد خلافت میں پیش آنے والے واقعات پر سیر حاصل تبصرہ کیا گیا ہے۔خاص طور پر ایسے واقعات جن کے بارے میں شکوک و شبہات پائے جاتے ہیں ان کا تفصیلی ذکر کے اصل صورت حال واضح کی ہے۔ان واقعات میں حدیثِ قرطاس' رسول اللہ ﷺ کے جنازہ کی کیفیت' آپ ؓ کا انتخاب' مسئلہ فدک وغیرہ شامل ہیں۔

کتاب میں یارِ غارِ رسول حضرت صدیق اکبر ؓ کے عشق رسول کا جابجا تذکرہ ہے کہ کس طرح انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد آپ ؐ کے فیصلوں اور پسند و ناپسند کو حد درجہ اہمیت دی۔

کتاب میں کمپوزنگ کی اغلاط موجود ہیں۔ٹائٹل خوشنما اور جلد مضبوط ہے۔